22350 - دونوں خطبوں کے مابین امام کی خاموشی کے وقت کلام کرنا

سوال

کیا جب جمعہ دونوں خطبوں کے درمیان امام خاموشی اختیار کرے تو کلام کرنا جائز ہے؟
اور کیا کسی کلام کرنے والے شخص کو دوران خطبہ کلام سے منع کرنے کے لیے منہ پر انگلی رکھ کے اشارہ کیا جاسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جمعہ کے دونوں خطبوں کے درمیان خطیب کی خاموشی کے وقت ضرورت پڑنے پر کلام کرنی جائز ہے، اور دوران خطبہ کسی شخص کو خاموش کرانے کے لیے اشارہ کرنے میں کوئی حرج نہیں، جس طرح ضرورت کے وقت نماز میں اشارہ کیا جاسکتا ہے.

اللہ تعالی سب کو توفیق نصیب فرمائے.